© rasailojaraid.com

ادبیات

غزل

الم مظفر نگری

اہلِ چمن ہیں عزمِ بیاباں کئے ہوئے
جوشِ جنوں سے پھر کوئی پیماں کئے ہوئے

وہ آرہے ہیں حشر کا ساماں کئے ہوئے
شانوں پہ گیسوؤں کو پریشاں کئے ہوئے

دیوانے ہیں انھیں کے بہاروں میں اس لئے
آتے ہیں پھول چاکِ گریباں کئے ہوئے

لے کام شوقِ دید ذرا تابِ دید سے
ہر جلوے کو ہیں آج وہ عریاں کئے ہوئے

منزل کی سمت بڑھتے ہی جاتے ہیں اہلِ شوق
دشواریوں کو راہ کی آساں کئے ہوئے

تنظیم ناروا ہے یہ اربابِ گلستاں
گلشن کی وسعتوں کو ہیں زنداں کئے ہوئے

میں جارہا ہوں پھر طرفِ جلوہ گاہِ ناز
ہر جنبشِ نظر کو غزلخواں کئے ہوئے

تسکیں ملے گی دونوں جہاں سے ہو بے نیاز
خوئے طلب ہے تجھکو پریشاں کئے ہوئے

مجبور مجھکو لطفِ اسیری نے کر دیا
بیٹھا ہوں دل کو خوگرِ زنداں کئے ہوئے

اے انقلابِ تازہ نہ چھیڑ ہمکو تو کہ ہم
ہیں امتحانِ گردشِ دوراں کئے ہوئے

کیا کام ناخدا سے، کہ ہم بحرِ عشق میں
ہر موجِ زندگی کو ہیں طوفاں کئے ہوئے

بیٹھا ہوں غمکدے میں، بگرمیِ سوزِ غم
ہر اک نفس کو شمعِ شبستاں کئے ہوئے

یہ کون چھپ کے لالہ و گل میں سرِ چمن
ہے داغہائے دل کو نمایاں کئے ہوئے

تہذیبِ نو کی فتنہ طرازی نہ پوچھیے
انساں کو ہے مخالفِ انساں کئے ہوئے

وہ دے رہے ہیں دعوتِ تسکیں مجھے الم
تاروں سے شامِ غم کو درخشاں کئے ہوئے

© rasailojaraid.com